بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ، گوجرانوالہ

پریس ریلیز

تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ کا جدید ٹیکنالوجی کی جانب ایک اور انقلابی قدم

جناب نوید حیدر شیرازی کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن گوجرانوالہ /چیئر مین تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ کے ویژن کے مطابق تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ جدید کمپیوٹر ٹیکنالوجی کو استعمال میں لاتے ہوئے طلباء و طالبات کو آن لائن این او سی بورڈ ٹو بورڈ ، متنی سند / رزلٹ کارڈ کے لئے اپلائی کرنا پرسنل /IBCC ویری فکیشن رپورٹ آن لائن جاری کرنا اور فیس جمع کروانے جیسی سہولیات فراہم کر رہا ہے۔

جناب چیئر مین کی مزید ہدایات کی روشنی میں ایک اور انقلابی قدم اٹھاتے ہوئے طلباء و طالبات کو گھر بیٹھے بیرون ملک /IBCC ویری فکیشن کے لئے آن لائن اپلائی کرنے کی سہولت فراہم کی جارہی ہے۔ جس کے مطابق طلباء و طالبات کو دفتر آنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

اسناد کی ویری فکیشن برائے بیرون ملک / I B C C طلباء و طالبات بورڈ ویب سائٹ پر دیئے گئے لنک https://services.bisegrw.edu.pk/dashboard/ForeignerVerification/ سے اپلائی کریں گے اور پراسس مکمل ہونے پر طلباء و طالبات کو دیئے گئے موبائل نمبر پر بذریعہ SMS مطلع کر دیا جائے گا۔ جس کے بعد طلباء و طالبات اپنی ویری فکیشن رپورٹ بورڈ کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر سکیں گے۔

جناب پروفیسر گوہر الطاف سیکرٹری تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ نے مزید کہا ہے کہ یہ سہولت مورخہ 15 مارچ 2025 سے شروع کر دی جائے گی۔ طلباء و طالبات مجوزہ فیس جمع کروانے کے بعد بیرون ملک /IBCC ویری فکیشن کے لئے آن لائن اپلائی کر سکیں گے۔ مزید رہنمائی کے لئے یا کسی دشواری کی صورت میں بورڈ کی ویب سائٹ کا وزٹ کریں یا ون ونڈو برانچ کے ٹیلی فون نمبر 055-3892646 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

سیکرٹری

بورڈ ہذا